ROLL NUMBER					

Version No.				
4	0	4	0	1

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر نا ظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____ **Candidate Sign.** _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	ولی دکنی نے کس کے مشورے پر فارسی مضامین کو ریختہ (اُردو) میں ڈھالنا شروع کیا؟	سعد اللہ گلشن	سراج اورنگ آبادی	اورنگزیب عالمگیر	مرزا غالب	○	○	○	○
2.	غزل کا لفظ عربی زبان کا مصدر ہے۔ اس کا معنی بتایئے۔	کاٹنا	کاتنا	توڑنا	لپیٹنا	○	○	○	○
3.	گلزارِ نسیم ایک مثنوی ہے۔ اس کے شاعر کون ہیں؟	سید میر حسن	اصغر گونڈوی	داغ دہلوی	دیا شنکر نسیم	○	○	○	○
4.	مثنوی کا لفظ "مثنیٰ" سے ماخوذ ہے۔ اس کے معنی کیا ہیں؟	ثانوی	ثالث	دو دو	ایک ایک	○	○	○	○
5.	ظفر علی خان کی بالعموم وجہ شہرت حمد کے علاوہ اور کون سی صنفِ شاعری ہے؟	نعت	مثنوی	مرثیہ	ڈراما	○	○	○	○
6.	"الفاروق" "المامون" مولانا شبلی نعمانی کی تصانیف ہیں۔ ان کی صنف بتایئے۔	غزلیں	سوانح عمریاں	نظمیں	ناول	○	○	○	○
7.	"چند ہم عصر" خاکوں کا مجموعہ ہے۔ اس کتاب کے مصنف کون ہیں؟	رشید احمد صدیقی	فرحت اللہ بیگ	مولوی عبدالحق	چراغ حسن حسرت	○	○	○	○
8.	ایک "وصیت کی تعمیل" مرزا فرحت اللہ بیگ کا لکھا ہوا خاکہ ہے۔ بتایئے یہ کس شخصیت کا خاکہ ہے؟	مولوی عبدالحق	علامہ اقبال	جگر مراد آبادی	مولوی وحید الدین سلیم	○	○	○	○
9.	مولوی وحید الدین سلیم اردو اصطلاح سازی میں ایک اہم مقام رکھتے ہیں۔ بتایئے وہ اردو اصطلاحات بناتے وقت کس زبان کے اصولوں سے مدد لیتے تھے؟	انگریزی	اردو	فارسی	عربی	○	○	○	○
10.	"گنج ہائے گراں مایہ" کس کی تصنیف ہے؟	نذیر احمد	فرحت اللہ بیگ	رشید احمد صدیقی	مولانا احسن مارہروی	○	○	○	○
11.	مضمون اور انشائیہ کے ابتدائی نمونے کس مصنف کی تحریروں میں ملتے ہیں؟	مولانا محمد حسین آزاد	مولانا ابوالکلام آزاد	صلاح الدین	سر سید احمد خان	○	○	○	○
12.	لفظ "شعر" کے کیا معنی ہیں؟	کلام پُر تاثیر	کلام موزوں	کلام موزوں و پُر تاثیر	کلام شیریں	○	○	○	○
13.	نظم در حقیقت ایک شاخِ گل ریز _____ ہے۔	فصاحت کی	بلاغت کی	جذبات کی	احساسات کی	○	○	○	○
14.	اوائل عمر میں باقتضائے آئین ملکی سقراط کو جانا پڑا:	پولیس میں	فوج میں	محکمہ ماحولیات میں	محکمہ شہری دفاع میں	○	○	○	○
15.	الفاظ کیا ہیں؟ اشیاء، اسما حالتوں اور کیفیتوں کے ہیں: _____ (الفاظ کی کہانی کے حوالے سے)	آئینے	عکس	دِیے	روشن چراغ	○	○	○	○
16.	بعض الفاظ آئینہ داری کرتے ہیں:	انسانی ضروریات کی	معاشرت کی	جذبات کی	ماحول کی	○	○	○	○
17.	جیمنگر "ابن عربی" کی جس کتاب میں چھپا بیٹھا تھا اس کا نام کیا تھا؟	تفسیر القرآن	ذخائر الاخلاق	فصوص الحکم	فتوحاتِ مکیہ	○	○	○	○
18.	قرآن نے کتابیں پڑھ کر انھیں نہ سمجھنے والے کو کس جانور سے تشبیہ دی ہے؟	خچر	گھوڑا	گدھا	اونٹ	○	○	○	○
19.	فکر تونسوی کس تحریک کے نمائندہ تھے؟	ترقی پسند تحریک	رومانوی تحریک	ایہام گوئی کی تحریک	علی گڑھ تحریک	○	○	○	○
20.	"چراغ تلے" ایک کتاب ہے۔ جس کا ایک مضمون "کافی" آپ کے نصاب میں شامل ہے۔ اس کتاب کے مصنف کون ہیں؟	فکر تونسوی	ابنِ انشا	پطرس بخاری	مشتاق احمد یوسفی	○	○	○	○

84

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (10 x 3 = 30)

(i) مولانا حالی کی طبیعت میں خاکساری کا وصف کس حد تک تھا؟

(ii) نبی کریم (خاتم النبیین) (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) نے اپنی امت کے لیے کیا کیا دُعائیں فرمائیں؟

(iii) فرحت اللہ بیگ نے مولوی وحید الدین سلیم کی کون سی خامیوں کا ذکر کیا ہے؟

(iv) مولانا حالی تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کرتے تھے؟

(یا)

فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت حیرت انگیز ہیں؟

(v) فکر تونسوی کی تخلیقات کن کن ادبی رسائل میں شائع ہوتی رہیں؟

(vi) شاملِ نصاب مضمون "کافی" کے حوالے سے بتایئے کہ مشتاق احمد یوسفی کے خیال میں کافی پینے کے بعد جو کیفیت طاری ہوتی ہے وہ کیسی ہے؟

(vii) فرض اور شوق کے اعتبار سے مختار مسعود ایک کثیر المشاغل انسان ہیں۔ "سفر نصیب" کے حوالے سے بتایئے۔

(یا)

علامہ اقبالؒ کے خطوط کے دو مجموعوں کے نام لکھیں۔

(viii) میاں محمد بخش نے بیچ لوگوں کی دوستی کو کس مثال سے واضح کیا ہے؟

(ix) علامہ اقبال کے کلام کی خصوصیات تحریر کریں۔

(x) حسرت موہانی کس تحریک سے وابستہ تھے؟

(یا)

زمانہ طالبِ علمی میں اقبالؒ کون کون سے اساتذہ سے متاثر تھے؟

سوال نمبر ۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ میں خود تو یہاں تک احتیاط کرتا ہوں کہ جو لوگ کتاب کو پڑھ نہیں سکتے، وہ اسے خرید بھی نہ کریں۔ کیوں کہ ان کو اس کی خریداری کی ترغیب دینا ایک قسم کی ناانصافی ہے۔ باقی رہا میں، سو میری طرح امتِ مرحومہ میں سیکڑوں آدمی آگے گزر گئے ہیں جنھوں نے رکاوٹوں کے ہوتے ہوئے کام کیا ہے۔ مجھ سے بھی جہاں تک ہو سکے گا انھیں کی تقلید کروں گا۔

ب۔ زمانے کے ہاتھوں ان کی طبیعت میں ایک دوسرا انقلاب یہ بھی ہو گیا تھا کہ جتنی ان کی نگاہ وسیع ہوئی اتنا ہی ان کا دل تنگ ہوا، جتنی ان کے قلم میں روانی پیدا ہوئی اتنی ہی ان کی مٹھی بند ہوئی، میں ان کے پیٹھ پیچھے نہیں کہتا، جب ان کے منہ پر کہہ چکا ہوں کہ مولوی صاحب! آپ کی کفایت شعاری نے بڑھتے بڑھتے کنجوسی کی شکل اختیار کر لی ہے، تو اب لکھتے کیوں ڈروں؟

ورق الٹیے

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1+4=5)

الف۔
گھر گھر یہی ذکر تھا یہی شور
خارج ہوا نور دیدۂ کور
آیا کوئی لے کے نسخۂ نور
لایا کوئی جا کے سرمۂ طور

ب۔
آستانے کا ترے دہر میں وہ رُتبا ہے
کہ جو نکلا تو جھکائے ہوئے کاندھا بادل
تیغ میدانِ شجاعت میں چمکتی بجلی
ہاتھ گلزارِ سخاوت میں چمکتا بادل

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے تین غزلیہ اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔
تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اُس ہی کا ذرہ ظہور تھا

ب۔
گزر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لیے ذلت ہے کارِ آشیاں بندی

ج۔
بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور، کب تلک
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائیں گے گیا

د۔
متاعِ بے بہا ہے درد و سوزِ آرزو مندی
مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

ہ۔
دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶۔ میر اردو غزل کے نمائندہ شاعر ہیں۔ ان کی فنی عظمت پر روشنی ڈالیے۔ (10)

(یا)

علامہ اقبالؒ کی شاعری پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر۷۔ مجازِ مرسل سے کیا مراد ہے؟ شعری مثالیں دے کر وضاحت کریں۔ (10)

(یا)

تشبیہ اور ارکانِ تشبیہ کی وضاحت کریں۔ شعری مثالیں دیں۔

سوال نمبر۸۔ اردو ادب میں سفر ناموں کی روایت پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔ (10)

(یا)

"غزل ایک ایسی صنف سخن ہے جو مر مر کے جی اٹھتی ہے" کے حوالے سے اردو غزل کی روایت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

—— 2HA-I 24040——